رسول اللہ ﷺ نے عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو لیے جو مکتوب تحریر مایا تھا اس میں تھا کہ: قرآن کو صرف طاہر ہی چھوئے

عبد اللہ بن ابی بکر بن حزم رحمہ اللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو لیے جو مکتوب تحریر مایا تھا اس میں تھا کہ "قرآن کو صرف طاہر ہی چھوئے"

[صحیح] [اسے امام مالک نے روایت کیا ہے - اسے امام دارمی نے روایت کیا ہے]

حدیث کا مفہوم: "رسول اللہ ﷺ نے عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کو لیے جو مکتوب تحریر مایا تھا" یعنی عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ جب نجران کے قاضی تھے تو آپ ﷺ نے انہیں ایک تفصیلی مکتوب لکھ کر دیا تھا جس میں بہت سے احکامِ شریعت جیسے فرائض و صدقات اور دیات وغیرہ کا بیان تھا یہ ایک مشہور مکتوب ہے جسے امت نے قبول کیا ہے "قرآن کو صرف طاہر ہی چھوئے" یہاں چھونے سے مراد یہ ہے کہ وہ شخص قرآن پاک کو بغیر کسی آڑ کے براہ راست ہاتھ لگائے اس بنیاد پر اگر آدمی کسی ایسی آڑ کے پیچھے سے اسے اٹھائے جو اس سے الگ ہو مثلاً وہ اسے کسی تھیلی یا بیگ میں اٹھائے، یا لکڑی وغیرہ سے اس کے اوراق پلٹے تو یہ اس ممانعت کے دائرہ میں نہیں آئے گا کیونکہ اس صورت میں چھونے کا عمل نہیں ہوا یہاں قرآن سے مراد وہ تختیاں، اوراق اور چمڑے وغیرہ ہیں جن پر قرآن لکھا گیا ہے، یہاں قرآن سے مراد کلام نہیں ہے کیونکہ کلام کو چھوا نہیں بلکہ سنا جاتا ہے ''سوائے طاہر کے'' طاہر کا لفظ چار معانی میں مشترک ہے: اول: طاہر سے مراد مسلمان ہے، جیسا کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے: ﴿إِنَّمَا الْمُشْرِكُونَ نَجَسٌ﴾ "مشرک تو ہیں ہی ناپاک" دوم: اس سے مراد وہ شخص ہو جو نجاست سے پاک ہو، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ نے بلی کے بارے میں فرمایا: "یہ نجس نہیں ہے" سوم: اس سے مراد وہ شخص ہے جو جنابت سے پاک ہو چہارم: طاہر سے مراد باوضو شخص ہے اس حدیث میں شریعت کی رو سے طہارت کے ان سبھی معانی کے مراد ہونے کا احتمال ہے اور ہمارے پاس کوئی ایسی دلیل یا قرینہ نہیں ہے جس کی بنا پر ہم ان میں سے کسی ایک کو دیگر معانی پر ترجیح دے سکیں چنانچہ اولیٰ یہی ہے کہ اس لفظ کو اس معنی پر محمول کیا جائے جسے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے سمجھا ہے اور وہ حدثِ اصغر سے طاہر شخص ہے کیوں کہ یہ معنی یقینی ہے اور جمہورِ علماء بشمول ائمہ اربعہ اور ان کے متبعین کے مسلک کے بھی موافق ہے نیز اسی میں احتیاط ہے اور یہی اولی ہے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/8401